69820 ـ امتحانات میں نقل کر کے سند کردہ حاصل سے تنخواہ لینے کا حکم

سوال

ایک شخص علمی سند کی بنا پر ملازمت کر رہا ہے، اس نے امتحانات میں نقل کر کے سند حاصل کی تھی، اور اس وقت وہ اپنے کام میں ماہر ہے اس کی تنخواہ کا حکم کیا ہے حلال ہو گی یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ان شاء اللہ اس میں کوئی حرج نہیں، اس نے امتحانات میں جو نقل کی تھی اس پر توبہ کرنی چاہیے، اور اگر وہ ملازمت میں اپنی ڈیوٹی اسی طرح کر رہا ہے جس طرح حق ہے اور مہارت سے کام کرتا ہے تو اس کی کمائی میں کوئی حرج نہیں؛ لیکن اس نے دھوکہ و فراڈ اور نقل کرنے کی غلطی کی ہے، اسے اس کام سے اللہ تعالی کے ہاں توبہ کرنی چاہیے " انتہی.